11 نومبر 2013ء

پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 6 فیصد سے زائد اضافہ،
مالی سال 14ء کے پہلے چار ماہ میں 5.3 ارب ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے رواں مالی سال 2013-14ء (م س 14ء) کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) میں 5275.61 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو 6.27 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی تا اکتوبر م س 13ء) میں 4964.21 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

جولائی تا اکتوبر مالی سال 14ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، دیگر جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 1459.63 ملین ڈالر، 1060.93 ملین ڈالر، 850.05 ملین ڈالر، 807.63 ملین ڈالر، 604.46 ملین ڈالر اور 149.30 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی تا اکتوبر مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 1308.61 ملین ڈالر، 1046.83 ملین ڈالر، 841.28 ملین ڈالر، 697.33 ملین ڈالر، 559.51 ملین ڈالر اور 134.53 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 343.61 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ پچھلے مالی سال کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر م س 13ء) کے دوران ان ممالک سے 376.12 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

اکتوبر 2013ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 353.46 ملین ڈالر، 276.48 ملین ڈالر، 225.25 ملین ڈالر، 197.08 ملین ڈالر، 157.32 ملین ڈالر اور 40.11 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ اکتوبر 2012ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 347.52 ملین ڈالر، 293.74 ملین ڈالر، 217.56 ملین ڈالر، 197.18 ملین ڈالر، 163.37 ملین ڈالر اور 37.48 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال (م س 14ء) کے ماہ اکتوبر کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 97.97 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

☆☆☆